28 اگست 2018ء

اسٹیٹ بینک نے نئے ڈیزائن کے کرنسی نوٹ جاری کرنے کی افواہوں کی تردید کردی

بینک دولت پاکستان، سوشل میڈیا میں نئے ڈیزائن والے مختلف مالیتوں کے کرنسی نوٹ جاری کرنے کے حوالے سے گردش کرنے والی خبروں کی سختی سے تردید کرتے ہوئے انہیں مسترد کرتا ہے۔ اسٹیٹ بینک کا مستقبل قریب میں نئے ڈیزائن کے حامل بینک نوٹ جاری کرنے کا کوئی ارادہ نہیں ہے۔

مزید وضاحت کی جاتی ہے کہ ایس بی پی ایکٹ 1956ء میں کرنسی نوٹوں کے ڈیزائن کے انتخاب اور شکل کے معاملے میں مختلف اتھارٹیز کے فرائض کو واضح طور پر بیان کیا گیا ہے۔ اس ایکٹ کی دفعہ 27 کے مطابق کرنسی نوٹوں کے ڈیزائن، شکل اور میٹریل کے متعلق کوئی بھی فیصلہ کرنے سے قبل وفاقی حکومت کو اسٹیٹ بینک کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش درکار ہوتی ہے۔ اسٹیٹ بینک بورڈ نے اس ضمن میں وفاقی حکومت یا کابینہ کو کوئی بھی سفارش نہیں دی ہے۔ عوام سے درخواست ہے کہ وہ اس قسم کی افواہ طرازی پر توجہ نہ دیں جس کا مقصد عوام میں غیر ضروری طور پر سنسنی اور بے چینی پھیلانا ہے۔

****